THE CITY OF NEW YORK
OFFICE OF THE MAYOR
NEW YORK, NY 10007

17 فـروری 2026
**فوری ریلیز کے لیے**
**رابطہ:** Pressoffice@cityhall.nyc.gov

# میئر Zohran Mamdani (زوہران ممدانی) کا بین الاقوامی امور اور تارکینِ وطن کے امور کے لیے کمشنرز کا اعلان

*Ana María Archila (آنا ماریا ارچیلا) میئر کے دفتر برائے بین الاقوامی امور (Mayor's Office of International Affairs) کی سربراہی کریں گی*

*Faiza Ali (فائزہ علی) میئر کے دفتر برائے تارکینِ وطن کے امور (Mayor's Office of Immigrant Affairs, MOIA) کی قیادت کریں گی*

**نیو یارک، NY –** آج، میئر Zohran Kwame Mamdani (زوہران کوامے ممدانی) نے آنا ماریا ارچیلا کو کمشنر برائے بین الاقوامی امور اور فائزہ علی کو کمشنر برائے تارکینِ وطن کے امور مقرر کرنے کا اعلان کیا۔

ارچیلا، جو ایک طویل عرصے سے تارکینِ وطن کے حقوق کی رہنما اور نیو یارک ورکنگ فیملیز پارٹی (New York Working Families Party, NYWFP) کی سابق شریک ڈائریکٹر رہی ہیں، اقوام متحدہ اور امریکی محکمۂ خارجہ (U.S. State Department) کے لیے شہر کی چیف رابطہ کار کے طور پر خدمات انجام دیں گی۔ علی، جنہوں نے ایک دہائی سے زائد عرصہ سٹی کونسل میں خدمات انجام دی ہیں، اور حال ہی میں سابق اسپیکر کی نائب چیف آف اسٹاف برائے کمیونٹی انگیجمنٹ (Deputy Chief of Staff of Community Engagement) کے طور پر کام کیا، میئر کے اہم دفتر برائے تارکینِ وطن کے امور کی قیادت کریں گی۔

کمشنر برائے بین الاقوامی امور، اقوام متحدہ، امریکی محکمۂ خارجہ، اور وسیع تر سفارتی کمیونٹی کے ساتھ شہر کے رابطہ کار کا کام کرتا ہے۔ میئر کے دفتر برائے بین الاقوامی امور کی قیادت کرتے ہوئے، ارچیلا شہر کی ایجنسیوں کو سفارتی امور پر مشورہ دیں گی، غیر ملکی سفارت کاروں کا نیو یارک میں خیرمقدم کریں گی، اور NYC جونیئر ایمبیسیڈرز (NYC Junior Ambassadors) جیسے قیادت کی ترقی والے پروگرامز چلائیں گی۔بطور کمشنر، ارچیلا اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کریں گی کہ نیو یارک سٹی عالمی کمیونٹی کے لیے ایک خیرمقدم کرنے والا شہر بنا رہے۔

"نیو یارک سٹی ہمیشہ دنیا سے وابستہ رہا ہے، یعنی ایک ایسا شہر جسے تارکینِ وطن نے تعمیر کیا اور جو ہماری متعدد زبانوں اور کہانیوں سے مضبوط بنا ہے۔ مجھے اس انتظامیہ میں آنا ماریا ارچیلا کا خیرمقدم کرتے ہوئے فخر ہے تاکہ اس روایت کو آگے بڑھایا جا سکے،" **میئر زوہران کوامے ممدانی نے کہا۔** "ورکنگ فیملیز پارٹی میں اپنی قیادت کے ذریعے، انہوں نے ایک ایسی تحریک کی رہنمائی میں مدد کی ہے جو نیو یارک کے محنتی شہریوں کو ترجیح دیتی ہے اور ایسی حکومت کا مطالبہ کرتی ہے جو یہی اقدامات کرے۔ وہ اس شہر کو چلانے والے لوگوں کے لیے واضح اخلاقی بصیرت اور گہری وابستگی متعارف کروائیں گی۔ بطور کمشنر برائے بین الاقوامی امور، وہ اسی طرح کام جاری رکھیں گی اور اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ دنیا بھر کے لوگ اس شہر میں خیرمقدمی احساس پائیں جسے ہم سب اپنا گھر کہتے ہیں۔"

"مجھے میئر ممدانی کی انقلابی تبدیلی لانے والی انتظامیہ میں شامل ہونے پر بے حد فخر ہے اور دفتر برائے بین الاقوامی امور میں نیو یارک کو ایسی جگہ بنانے کے حوالے سے ان کے عزم کو شامل کرنے پر بھی فخر ہے، جہاں ہر شخص باوقار زندگی گزار سکے،" **آنا ماریا ارچیلا نے کہا۔** "نیو یارک سٹی وہ جگہ ہے جہاں سفارت کار جمع ہوتے ہیں، اور یہ دنیا بھر سے آنے والے نیو یارک کے لاکھوں محنت کش شہریوں کا گھر بھی ہے، جہاں سینکڑوں قومیتیں نمائندگی رکھتی ہیں اور زبانیں بولی جاتی ہیں۔ نیو یارک سٹی میں اقوام متحدہ کے اندر اور پانچوں بوروز میں بین الاقوامی تعلقات قائم کیے جاتے ہیں۔ مجھے تارکینِ وطن کے حقوق اور معاشی انصاف کی تنظیموں کی قیادت کے سلسلے میں اپنے 20 سے زائد برس کے تجربے کو سفارتی مشنز، حکومتوں اور اُن تحریکوں کے ساتھ مضبوط تعلقات قائم کرنے کے کام میں بروئے کار لانے پر خوشی ہو رہی ہے جو عدم مساوات، موسمیاتی تبدیلی، اور جمہوری تنزلی کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے کام کر رہی ہیں۔"

"زندگیاں بہتر بنانے کے لیے، بین الاقوامی پیمانے پر بین الاقوامی نیٹ ورکس تعمیر کرنے کا کام ہی سفارت کاری کہلاتا ہے۔ یہ وہ تنظیم سازی ہے جس کے لیے آنا ماریا ارچیلا صلاحیت رکھتی ہیں،" **سابق امریکی سفیر برائے جنوبی افریقہ اور Center for American Progress میں ممتاز فیلو Patrick Gaspard (پیٹرک گیسپارڈ) نے کہا۔** " آنا ماریا

نے آج کے قومیتیوں کے مابین والے چیلنجز یعنی امیگریشن، موسمیاتی تبدیلی، بڑھتی ہوئی معاشی عدم مساوات پر صفِ اوّل کی قیادت کی ہے۔ اور ایسے وقت میں جب ہمارے اتحاد خطرے سے دوچار ہیں اور ہماری اقدار متاثر ہوئی ہیں، میئر ممدانی نے اس عالمی شہر کے لیے ایک ایسی رہنما کا انتخاب کیا ہے جس کا، ترقی کے لیے مشترکہ بنیاد تلاش کرنے کا ثابت شدہ ریکارڈ ہے۔"

"نیو یارک سٹی کی اگلی کمشنر برائے بین الاقوامی امور کے طور پر آنا ماریا ارچیلا کی تقرری ان کے اس کریئر کا ثبوت ہے جو شہر، ریاست اور وفاقی سطح پر کمیونٹی کی ضروریات کو خدمات، پروگرامز اور پالیسیوں کے ساتھ جوڑنے کے لیے وقف رہا ہے،" **New York Immigration Coalition کے صدر اور CEO Murad Awawdeh (مراد عوادہ) نے کہا۔** "انہوں نے غیر منافع بخش ادارے کی ایگزیکٹیو اور ہماری اپنی تنظیم سمیت، متعدد تنظیموں کے بورڈ کی رکن کے طور پر، نیو یارک سٹی میں محنت کش لوگوں کے حقوق اور وقار کے لیے بیس سال سے زائد عرصہ جدوجہد کی ہے۔ ہم عالمی سطح پر تمام نیو یارک کے شہریوں کے لیے ارچیلا سے مضبوط وکیل کے بارے میں سوچ نہیں سکتے۔"

"آج ہم نیو یارک سٹی کی کمشنر برائے بین الاقوامی امور کے طور پر آنا ماریا ارچیلا کی تقرری کا جشن منا رہے ہیں۔ آنا ماریا نے اپنا سفر Make the Road New York میں بطور ایک آرگنائزر شروع کیا اور دو دہائیوں سے زائد عرصہ تارکینِ وطن، محنت کش، اور LGBTQ+ کمیونٹیز کے ساتھ مل کر اجتماعی طاقت کو مضبوط بنانے میں گزارا۔ اپنی ہی ساتھی کارکن کو اس عہدے پر فائز ہوتے دیکھ کر ہمیں بے حد فخر محسوس ہوتا ہے۔ ایسے وقت میں جب وفاقی حکومت تارکینِ وطن کو مسلسل بدنام کر رہی ہے، آنا ماریا کی قیادت کی ضرورت اس سے بڑھ کر کبھی نہیں تھی۔ ہمیں یقین ہے کہ وہ ایسے دفتر کی تشکیل میں مدد کریں گی جو بین الاقوامی کارکنوں کو بلند ہمتی دینے اور اُن کا جشن منانے کے لیے گہری وابستگی رکھتا ہو، یہ وہی لوگ ہیں جو اس شہر کو متحرک، مضبوط، اور پیش رفت کرنے والا شہر بناتے ہیں،" **Make The Road NY کے شریک ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Jose Lopez (خوسے لوپیز) نے کہا۔**

"کمشنر برائے بین الاقوامی امور کے طور پر آنا ماریا ارچیلا کی تقرری ہماری کمیونٹی کے لیے خوش آئند خبر ہے۔ انہوں نے ہمیشہ ہمت کے ساتھ اور تارکینِ وطن اور محنت کش خاندانوں کے لیے گہری ذمہ داری کے احساس کے ساتھ قیادت کی ہے،" **Hispanic Federation کے صدر اور CEO Frankie Miranda (فرینکی میرانڈا) نے کہا۔** "دنیا میں نیو یارک کی آواز مزید مضبوط ہو گی کیونکہ آنا ماریا سمجھتی ہیں کہ ہماری عالمی قیادت کا آغاز، گھر میں انصاف اور انسانی وقار کے لیے مضبوطی سے کھڑے ہونے سے ہوتا ہے۔"

**آنا ماریا ارچیلا کے بارے میں**

آنا ماریا ارچیلا دو دہائیوں سے زائد عرصے سے نیو یارک اور قومی سطح پر تارکینِ وطن کے حقوق کی جدوجہد میں ایک رہنما رہی ہیں۔ کولمبیا میں پیدا ہونے والی آنا ماریا نے ہوش سنبھالنے کے بعد اپنی پوری زندگی نیو یارک میں گزاری ہے۔ انہوں نے نچلی سطح کی متعدد ترقی پسند تنظیموں کی مشترکہ بنیاد رکھی اور قیادت کی، جن میں Make the Road New York اور Center for Popular Democracy شامل ہیں۔

اپنے کریئر کے دوران، ارچیلا نے امیگریشن اصلاحات، بیماری کی بامعاوضہ رخصت، کم از کم اجرت میں اضافہ، اور نیو یارک ڈریم ایکٹ (New York Dream Act) کی منظوری کے لیے کوششوں کی قیادت کی ہے۔ انہوں نے 2022 میں نیو یارک کی لیفٹیننٹ گورنر کے لیے انتخاب لڑا اور پہلی بار امیدوار کے طور پر 213,210 ووٹ حاصل کیے تھے۔ وہ حال ہی میں NYWFP کی شریک ڈائریکٹر کے طور پر خدمات انجام دے رہی تھیں اور انہوں نے میئر ممدانی کے انتخاب میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔

**فائزہ علی میئر کے دفتر برائے تارکینِ وطن کے امور کی قیادت کریں گی علی پاکستانی تارکینِ وطن کی بیٹی ہیں اور کمیونٹی آرگنائزنگ اور سٹی گورنمنٹ میں کئی برسوں کا تجربہ رکھتی ہیں۔** میئر کا دفتر برائے تارکینِ وطن کے امور (MOIA) میئر کو مشاورت فراہم کرتا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ نیو یارک سٹی اپنے تارکینِ وطن پڑوسیوں کا خیال رکھے۔

"مجھے فائزہ علی کو میئر کے دفتر برائے تارکینِ وطن کے امور کی اگلی کمشنر مقرر کرنے پر فخر ہے۔ پاکستانی تارکینِ وطن کی بیٹی ہونے کے ناطے، فائزہ براہِ راست اُس امید کے وعدے اور غیر یقینی حالات کو سمجھتی ہیں جو نیو یارک میں تارکینِ وطن کے تجربے کی پہچان ہیں۔ وہ کمیونٹی شمولیت اور سٹی گورنمنٹ میں ایک دہائی سے زائد تجربہ رکھتی ہیں، اور تارکینِ وطن کے حقوق اور خدمات کو آگے بڑھانے میں قیادت کا ثابت شدہ ریکارڈ رکھتی ہیں،" **میئر زوہران کوامے ممدانی نے کہا۔** "ایسے وقت میں کہ جب نیو یارک کے تارکینِ وطن شہری بڑھتے ہوئے حملوں اور غیر یقینی صورتحال کا سامنا کر رہے ہیں، یہ انتظامیہ دو ٹوک مؤقف اختیار کرے گی۔ ہم اپنے پڑوسیوں کا دفاع کریں گے۔ ہم خدمات تک رسائی کو وسعت دیں گے۔ اور ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ نیو یارک سٹی بدستور ایسی جگہ بنی رہے جہاں تارکینِ وطن کو صرف الفاظ میں خوش آمدید نہ کہا جائے، بلکہ پالیسی میں تحفظ دیا جائے، عمل میں حمایت کی جائے، اور وہ اس وقار کے ساتھ زندگی گزار سکیں اور کام کر سکیں جس کے وہ مستحق ہیں۔"

"میں پاکستان سے آنے والے تارکینِ وطن والدین کی قابلِ فخر بیٹی ہوں جو ہمت، امکانات پر غیر متزلزل یقین اور یہاں مستقبل بنانے کے عزم کے ساتھ نیو یارک سٹی آئے تھے۔ اس شہر نے ہمیں موقع، استحکام، اور اپنی بنیادیں مضبوط کرنے کا موقع دیا، بالکل اسی طرح جیسے ہم سے پہلے آنے والے تارکینِ وطن کی نسلوں کو دیا گیا تھا۔ میئر کے دفتر برائے تارکینِ وطن کے امور کی کمشنر کے طور پر خدمت کرنا میرے لیے اعزاز کی بات ہے۔ نیو یارک سٹی تارکینِ وطن افراد کا محض گھر نہیں ہے، بلکہ یہ انہی سے طاقت پاتا ہے۔ ہمارے نواحی علاقے، ہماری معیشت، ہماری ثقافت، اور ہمارا مستقبل اُن لوگوں سے تشکیل پاتا ہے جو یہاں تحفظ اور موقع کی تلاش میں آئے تھے۔ بطور کمشنر، میں ایسے شہر کی تعمیر کے لیے پُرعزم ہوں جہاں اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ نیو یارک کا ہر شہری، خواہ وہ جب بھی آیا ہو یا جہاں پیدا ہوا ہو، وقار کے ساتھ زندگی گزار سکے، کام کر سکے، اور خاندان پال سکے،" **فائزہ علی نے کہا۔**

"گزشتہ تین برسوں کے دوران کونسل میں فائزہ کے ساتھ خدمات انجام دینا میرے لیے باعثِ اعزاز رہا ہے۔ وہ ذہین، ہمدرد، اور اس کام کے لیے گہری لگن رکھتی ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ بطور کمشنر وہ اپنا تجربہ، عزم، اور وابستگی ساتھ لائیں گی اور ہم سب کے لیے ایک مضبوط اتحادی ثابت ہوں گی۔ ایسے وقت میں جب ہمارا کام پہلے سے زیادہ اہم ہے، میں MOIA میں ٹیم کی قیادت کرنے کی اُن کی صلاحیت کے بارے میں خلوصِ دل سے پُرامید ہوں،" **رکن کونسل، امیگریشن کمیٹی کی چیئر Elsie Encarnacion (ایلسی انکارناسیون) نے کہا۔**

"فائزہ این علی کی MOIA کی کمشنر کے طور پر تقرری نیو یارک کے تارکینِ وطن شہریوں کے لیے ایک فتح ہے،" **New York Immigration Coalition کے صدر اور CEO مراد عوادہ نے کہا۔** "نیو یارک کی پیدائشی اور پرورش یافتہ ایک شہری کے طور پر، جو بروکلین میں ایک تارکینِ وطن خاندان اور نواحی علاقے میں پلی بڑھیں، وہ ہماری کمیونٹیز کی ضروریات اور تجربات کو گہرائی سے سمجھتی ہیں۔ اپنے کریئر کے دوران، انہوں نے تمام مذاہب اور ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے نیو یارک کے محنتی شہریوں کو مواقع اور خدمات سے جوڑتے ہوئے بااختیار بنایا ہے، ساتھ ہی پالیسی کی ایسی تبدیلیوں کو آگے بڑھایا ہے جو ہر خاندان کو ترقی کا موقع فراہم کریں۔ ہم میئر ممدانی کی جانب سے علی کی تقرری پر دلی خوشی محسوس کرتے ہیں اور اب اور مستقبل میں نیو یارک کے تمام تارکینِ وطن شہریوں کی صحت اور بہبود کو آگے بڑھانے کے لیے اُن کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں۔"

"ہم کمشنر فائزہ علی کو میئر کے دفتر برائے تارکینِ وطن کے امور میں تقرری پر مبارکباد دیتے ہیں۔ فائزہ اس اہم عہدے پر بطور عوامی ملازم، ایک وسیع تجربہ رکھتی ہیں، اور اس کے ساتھ NYC کی متنوع کمیونٹیز اور اُن کو درپیش پیچیدہ چیلنجز کی منفرد سمجھ بوجھ بھی رکھتی ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ فائزہ نیو یارک کے تمام تارکینِ وطن شہریوں کی مضبوط وکیل ثابت ہوں گی اور

وفاقی حد سے تجاوز کے خلاف ہماری کمیونٹیز کے تحفظ میں مضبوطی سے کھڑی رہیں گی،" **Make the Road NY کی نامزد شریک ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Natalia Aristizabal (نتالیا اریستیزابال) نے کہا۔**

"ہم فائزہ علی کو میئر کے دفتر برائے تارکینِ وطن کے امور کی اگلی کمشنر کے طور پر خوش آمدید کہتے ہوئے فخر محسوس کرتے ہیں۔ فائزہ اسٹیٹن آئی لینڈ کی تارکینِ وطن کمیونٹی کی ایک ثابت قدم اتحادی رہی ہیں۔ ہمیں اُن جیسے ذہین، اصول پسند، اور تنظیم سازی میں گہری بنیادیں رکھنے والے رہنماؤں کی ضرورت ہے جو اسٹیٹن آئی لینڈ اور اس سے آگے تارکینِ وطن خاندانوں کے لیے کھڑے ہوں۔ ہم اُن کے ساتھ مل کر کام کرنے اور اُن کی حمایت کرنے کے منتظر ہیں،" **La Colmena کی عبوری ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Arlette Cepeda (آرلیٹ سیپیڈا) نے کہا۔**

"فائزہ کئی برسوں سے عرب امریکن ایسوسی ایشن آف نیو یارک (Arab American Association of New York, AAANY) کی کمیونٹی کا حصہ رہی ہیں۔ ہمارے ایڈووکیسی اینڈ سِوک انگیجمنٹ (Advocacy & Civic Engagement) پروگرام کی ڈائریکٹر کے طور پر، انہوں نے NYC بھر میں ہزاروں تارکینِ وطن افراد کے لیے مددگار ثابت ہونے والی، امیگریشن اصلاحات کی کوششوں سمیت متعدد مہمات کی قیادت کی،" **Arab American Association of New York کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Marwa Janini (مروہ جنینی) نے کہا۔** "پالیسی اور زمینی حقائق دونوں کے حوالے سے اُن کی سمجھ اور تجربے کے پیشِ نظر وہ اس کردار کے لیے موزوں ترین ہیں۔ AAANY میں ہم پُراعتماد ہیں کہ بطور کمشنر MOIA، وہ نیو یارک سٹی کی تارکینِ وطن کمیونٹیز کی وکیل اور حامی بنی رہیں گی۔"

"ہم خوش ہیں کہ فائزہ علی میئر کے دفتر برائے تارکینِ وطن کے امور کی نئی کمشنر ہوں گی۔ حکومت میں فائزہ کا گہرا تجربہ، تارکینِ وطن کمیونٹیز کی خدمت کے لیے غیر معمولی وابستگی، اور ایسے شہر کے فروغ کا عزم جہاں چھوٹے کاروباروں کے تارکینِ وطن مالکان ترقی کر سکیں، انہیں اس کردار کے لیے ایک بہترین انتخاب بناتا ہے،" **Street Vendor Project at the Urban Justice Center کے منیجنگ ڈائریکٹر Mohamed Attia (محمد عطیہ) نے کہا۔**

**فائزہ علی کے بارے میں**

فائزہ علی نے ایک دہائی سے زائد عرصہ نیو یارک سٹی کونسل میں کمیونٹی شمولیت کے شعبے میں کام کیا ہے۔ 2014 میں، انہوں نے کمیونٹی رابطہ کار (Community Liaison) کے طور پر خدمات انجام دیں، اور بعد میں ترقی کرتے ہوئے کمیونٹی انگیجمنٹ ڈویژن کی ڈائریکٹر بنیں۔ کونسل میں شامل ہونے سے قبل، علی Arab American Association of NY میں ایڈووکیسی اینڈ سِوک انگیجمنٹ کی ڈائریکٹر رہیں اور Muslim Democratic Club of New York کی شریک بانی تھیں۔ انہوں نے عرب امریکن ایسوسی ایشن آف نیو یارک میں ڈائریکٹر آف ایڈووکیسی، بروکلین کانگریگیشنز یونائیٹڈ (Brooklyn Congregations United) میں آرگنائزر، اور CAIR-NY (Council on American-Islamic Relations – NY, CAIR-NY) میں ڈائریکٹر آف کمیونٹی افیئرز کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔

علی نے نیو یارک سٹی کے پبلک اسکول سسٹم میں دو مسلم تعطیلات شامل کرنے کی کوششوں کی قیادت میں مدد کی اور امیگریشن اصلاحات اور زبان تک رسائی کے لیے جدوجہد کی ہے۔ وہ حال ہی میں سٹی کونسل میں فرسٹ ڈپٹی چیف آف اسٹاف کے طور پر خدمات انجام دے رہی تھیں۔ بطور کمشنر، علی شہر کے پروگرامز اور فوائد تک نیو یارک کے انگریزی نہ بولنے والے شہریوں کی رسائی بڑھانے کے لیے کام کریں گی اور دیگر ایجنسیوں کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے پانچوں بوروز میں تارکینِ وطن افراد کے تحفظ کے لیے کام کریں گی۔

###